


سبق - 18

# سونی ۔ مونی

(یائے معروف)





## سنیے - بولیے

(الف) آیئے اب ہم ''سونی مونی'' کی کہانی سنتے ہیں۔

سونی اور مونی چڑیا کے دو بچے درخت کی شاخ پر بیٹھے ہوئے تھے۔ نیچے ایک بالٹی میں رنگین پانی تھا۔اچانک سونی مونی جھگڑنے لگے۔ سونی مونی جھگڑتے ہوئے رنگین پانی میں جا گرے۔ رنگین سونی مونی جب اپنے گھر لوٹے تو انھیں ان کی ماں پہچان نہ سکی اور مار بھگایا۔سونی مونی روتے ہوئے اُڑنے لگے۔ اڑتے اڑتے انھیں ایک پانی سے بھرا ٹب نظر آیا۔دونوں نے ٹب میں ڈبکی لگائی۔ان کے پروں پر لگا ہوا رنگ ڈُھل گیا۔سونی مونی واپس اپنے گھر گئے ماں نے انھیں پہچان لیا اور دانہ کھلانے لگی۔

SCERT TELANGANA



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 21-2020

(ب) سبق کے بارے میں بچوں سے گفتگو کریں۔

1۔ تصویر دیکھیے اور بتائیے کہ چڑیا کے بچے کہاں بیٹھے ہوئے ہیں؟

2۔ وہ رنگین پانی میں کیسے گر گئے؟

3۔ انھیں دیکھ کر ماں نے کیا کیا؟

4۔ ان کے پروں پر لگا ہوا رنگ کیسے دھل گیا؟

5۔ اگر آپ ایسی شرارت کرتے تو آپ کی امی کیا کرتیں؟


(ج) بچوں کی زبانی یہ کہانی سنیے اور مختلف سوالات کیجیے۔



## پڑھیے

(الف) کہانی میں ایسے الفاظ پر دائرہ 'O' بنائیے جن کے آخر میں حرف 'ی' ہو۔

(ب) تصویروں کی مدد سے جملے پڑھائیے اور ایسے لفظوں پر دائرہ 'O' لگائیے جن کے آخر میں 'ی' ہو۔



کھڑکی کھلی ہے



تتلی اُڑ رہی ہے



لاری سڑک پر چلتی ہے

SCERT TELANGANA

(ج) ایسے الفاظ کی نشاندہی کروایئے جن کے آخر میں یائے معروف (ی) استعمال ہوا ہو اور انھیں قوس میں لکھوایئے۔

- پھول کلی پھل امیر = (    )
- ڈالی پتّہ پیڑ شکیل = (    )
- جمیل لڑکی عورت لڑکا = (    )
- کتّا مچھر مکڑی بیل = (    )
- فقیر پولیس آدمی چور = (    )

(د) طلبا کو واقف کروائیں کہ جب یائے معروف درمیان میں آتا ہے تو (یہ) کے نقطوں کے ساتھ کھڑی زیر لگائی جاتی ہے۔ ذیل کے الفاظ روانی سے پڑھیے اور یائے معروف کی ان دو شکلوں اور آوازوں سے طلبا کو واقف کروایئے۔

| | | |
|---|---|---|
| پری | رانی | ڈالی |
| لاری | مالی | کھڑکی |
| جالی | دادی | آدھی |

| | | |
|---|---|---|
| امیر | لکیر | غریب |
| وزیر | چیل | جھیل |
| کھیر | تیر | فقیر |

(ھ) طلبا سے ذیل کے جملوں کو پڑھوایئے اور ان الفاظ کی نشاندہی کروایئے جس میں یائے معروف کا استعمال ہوا ہے۔

- مکڑی جالا بنتی ہے۔
- مالے میں موتی ہے۔
- آج سردی ہے۔
- یہ پولیس کی وردی ہے۔
- دادی جان بیمار ہے۔
- آج پیر ہے۔
- کھیر میٹھی ہے۔
- گڑیا حسین ہے۔
- جھیل میں مچھلی ہے۔

SCERT TELANGANA



## لکھیے

(الف) خالی جگہ پر تصویروں کے نام لکھ کر جملے مکمل کروایئے۔

★  جالا بنتی ہے۔

________ جالا بنتی ہے۔

★  خالی ہے۔

________ خالی ہے۔

★  پر پھول ہیں۔


________ پر پھول ہیں۔

★  پھولوں پر منڈلاتی ہے۔

________ پھولوں پر منڈلاتی ہے۔

★  سڑک پر چلتی ہے۔


________ سڑک پر چلتی ہے۔

★  بند کرو۔

________ بند کرو۔

(ب) طلبا سے کہیے کہ حروف جوڑ کر یائے معروف والے الفاظ بنائیں۔


مثال: سردی




- ________
- ________
- ________
- ________

SCERT TELANGANA

مثال: کھیر




- ______
- ______
- ______
- ______

(ج) ذیل کے الفاظ صاف خط میں لکھوائیے۔

لڑکی     رانی     چیل     تیر

(د) ان الفاظ کی مدد سے جملے مکمل کروائیے۔

لڑکی     تتلی     چیل     کھیر     ڈالی

- ______ کھیل رہی ہے۔
- ______ رنگین ہے۔
- ______ میٹھی ہے۔
- ______ پر پھول کھلا ہے۔
- ______ اُڑ رہی ہے۔

SCERT TELANGANA



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2020-21


(ھ) جدول میں دیے گئے حروف کی مدد سے الفاظ بنوائیے۔

| | | |
|---|---|---|
| گھ | م | ب |
| ل | ک | ڑ |
| چھ | چ | ی |

مثال : گھڑی

سوچیے

طلبا سے کہیں کہ تصویر دیکھیے' اتاریے' رنگ بھریے اور نام لکھئے۔



SCERT TELANGANA